(۴)

نام کتاب : اقبال اور امیرِ ملّت

مصنف : محمد صادق قصوری

قیمت: ۲۵۰ روپے

ملنے کا پتہ : محمد صادق قصوری برج کلاں ضلع قصور

محمد صادق قصوری پیر سید جماعت علی شاہ کے گہرے عقیدت مند ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ علامہ اقبال صوفی منش تھے اور اپنے والد صاحب کے مرید تھے اور سلسلہ قادریہ میں بیعت تھے۔ انہیں اولیاء اللہ اور باصفا صوفیوں سے بہت محبت تھی۔ جاوید اقبال کی پیدائش پر وہ اپنے عہد کے مطابق اسے امام ربانی مجدد الف ثانی کے مزار پر بھی لے کر گئے تھے۔ علامہ اقبال اولیاء اللہ اور بزرگوں کے قدر دان تھے۔ انہوں نے سید جماعت علی شاہ سے ملاقاتیں بھی کیں اور مستفید بھی ہوئے۔

اقبال کو سید جماعت علی شاہ کے ارادت مندوں سے بھی بڑی محبت تھی' البتہ وہ عجمی تصوف کے خلاف تھے۔ علامہ اقبال نے نظریہ پاکستان پیش کیا تو سید صاحب نے قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں بھرپور حصہ لیا۔

کتاب کے اخیر میں ڈاکٹر علامہ اقبال کی سر مہاراج کشن پرشاد المتخلص بہ ''شاد'' سے ملاقات کا بھی تذکرہ کیا ہے کہ وہ ہندو ہونے کے باوجود سید جماعت علی شاہ کا گرویدہ تھا۔ پھر یہاں کئی متنازعہ فیہ باتیں بھی آ گئی ہیں جن میں شاہ صاحب کے حاسدین کا بھی ذکر ہے۔

کتاب کے سرورق پر علامہ اقبال اور سید صاحب کی تصاویر لگائی گئی ہیں۔ علامہ اقبال تو مذہبی پیشوا نہ تھے مگر سید صاحب تو بہت بڑے عالم اور محدث تھے وہ تو لازماً جانتے تھے کہ اسلامی تعلیمات میں تصویر کی مذمت ہے حیرت ہے کہ سید صاحب کے عقیدت مند سے ایسا کیوں ہوا؟

۞۞۞